© rasailojaraid.com



انتخاب: ذوالکفل بخاری

# ’’دعائے فاروقی‘‘

## حجاج، معتمرین اور زائرین بیت اللہ الحرام کی خدمت میں ایک بیش قیمت ہدیہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ دورانِ طواف روتے ہوئے یہ دعا پڑھتے تھے......

**اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَ عَلَیَّ شِقْوَۃً اَوْذَنْباً فَامْحُہُ ، فَاِنَّکَ تَمْحُوْمَا تَشَاءُ وَ تُثْبِتُ ، وَعِنْدِکَ اُمُّ الْکِتَابِ ، فَاجْعَلْہُ سَعَادَۃً وَّمَغْفِرَۃً** (ابن کثیر)

’’اے اللہ اگر تو نے مجھ پر بدبختی اور گناہ لکھا ہے تو اُسے مٹا دے، اس لیے کہ تو جو چاہے مٹائے اور جو چاہے باقی رکھے، تیرے پاس ہی لوحِ محفوظ ہے، پس تو بدبختی کو سعادت اور مغفرت سے بدل دے۔‘‘

---

آیت مبارکہ ہے: **یَمْحُوا اللّٰہُ مَایَشَآءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ.** (الرعد:۳۹)

[اللہ جو چاہے مٹا دے اور جو چاہے ثابت رکھے، لوحِ محفوظ اُسی کے پاس ہے]

اس کی ذیل میں مولانا حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ لکھتے ہیں......

اس کے ایک معنیٰ تو یہ ہیں کہ وہ جس حکم کو چاہے منسوخ کر دے اور جسے چاہے باقی رکھے۔ دوسرے معنیٰ یہ ہیں کہ اس نے جو تقدیر لکھ رکھی ہے، اس میں وہ محو و اثبات کرتا رہتا ہے۔ اسی کے پاس لوحِ محفوظ ہے۔ اس کی تائید بعض احادیث وآثار سے ہوتی ہے۔ مثلاً ایک حدیث میں آتا ہے کہ ’’آدمی گناہوں کی وجہ سے رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے، دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے اور صلہ رحمی سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے‘‘ (مسند احمد، جلد: ۵،ص: ۲۷۷)۔ بعض صحابہ سے یہ دعا منقول ہے: ’’**اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنَا اَشْقِیَآءَ فَامْحُنَا وَاکْتُبْنَا سُعَدَاءَ وَاِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنَا سُعَدَاءَ فَأَثْبِتْنَا، فَاِنَّکَ تَمْحُوْ مَاتَشَآءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَکَ اُمُّ الْکِتٰبِ.**‘‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ دورانِ طواف روتے ہوئے یہ دعا پڑھتے...... **اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَ عَلَیَّ شِقْوَۃً اَوْذَنْباً فَامْحُہُ ، فَاِنَّکَ تَمْحُوْمَا تَشَاءُ وَ تُثْبِتُ ، وَعِنْدِکَ اُمُّ الْکِتَابِ ، فَاجْعَلْہُ سَعَادَۃً وَمَغْفِرَۃً** (ابن کثیر)

اس مفہوم پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ حدیث میں تو آتا ہے ’’**جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا ھُوَ کَائِنٌ**‘‘ (صحیح بخاری۔ نمبر ۵۰۷۶) ’’جو کچھ ہونے والا ہے، قلم اسے لکھ کر خشک ہو چکا ہے۔‘‘ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ محو و اثبات بھی منجملہ قضاو تقدیر ہی کے ہے (فتح القدیر)۔

[قرآن کریم مع اردو ترجمہ وتفسیر، مطبوعہ شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس، سعودی عرب، ص:۶۹۲]



© rasailojaraid.com